تعارف و تبصرہ

مدیر کے قلم سے

فتنۂ جمہوریت

از حکیم محمود احمد ظفر

کتابت و طباعت معیاری صفحات ۱۹۰

قیمت درج نہیں

ملنے کا پتہ: ادارہ معارف اسلامیہ، مبارک پور، سیالکوٹ

جمہوریت ایک سیاسی نظام کا نام ہے جو اس وقت دنیا کے بہت سے ممالک میں رائج ہے اور جس کی حشر سامانیوں نے اسلام کے نام پر قائم ہونے والے نظریاتی ملک "اسلامی جمہوریہ پاکستان" کو بھی جولانگاہ بنا رکھا ہے۔ پاکستان میں گذشتہ چالیس سال کے دوران جمہوریت اور مارشل لاء کی عملی کشمکش اور اسلام، سوشلزم اور جمہوریت کی فکری آویزش نے ذہنی انتشار اور سیاسی انارکی کا جو اکھاڑہ قائم کر دیا ہے اس کے ہاتھوں ہماری مذہبی تہذیبی اور معاشرتی اقدار و روایات ملیا میٹ ہو کر رہ گئی ہیں اور ہر جگہ زر و اقتدار نے اس افراتفری اور نفسا نفسی میں اپنے اقتدار کا خوب سکہ جما لیا ہے۔

مذہب، خدا، بائیبل اور کلیسا سے ذہنی طور پر آزاد ہو جانے والی یورپی اقوام کو جمہوریت راس آئی ہے اور راس آنی بھی چاہیے کہ ان کے عقائد اور اجتماعی نظام کے درمیان کوئی فکری تضاد باقی نہیں رہا مگر اسلام، خدا، قرآن اور مسجد کے ساتھ قلبی وابستگی رکھنے وا[لا] ... [معا]شرہ ... ہے تم معاشرہ کو جمہوریت ہضم نہیں ہو رہی ا[و]ر ... سیاسی فکر کے ساتھ پے در پے ذہنی تضادات کے باعث ہضم ہو بھی نہیں سکتی لیکن اس کے باوجود جمہوریت پرست عناصر مسلسل اس کوشش میں ہیں کہ پاکستان میں جمہوریت ہی کا دور دورہ ہو اور اس کی خاطر مذہب، عقیدہ اور اقدار و روایات سمیت کسی بھی چیز کی قربانی سے دریغ نہ کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے جمہوریت کو اسلام ہی کی ایک نئی شکل اور عین اسلام ثابت کرنے کی مہم جاری ہے۔

مولانا حکیم محمود احمد ظفر نے زیر نظر کتابچہ میں اسی مسئلہ کا جائزہ لیا ہے اور قرآن و سنت کے ٹھوس دلائل کے ساتھ اس حقیقت کو واضح کیا ہے کہ موجودہ مغربی جمہوریت کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ یہ اسلام کے مقابلہ میں ایک الگ نظام سیاست ہے جس کی فکری بنیاد مذہب سے انحراف پر رکھی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی مصنف نے اسلامی نظام سیاست و حکومت کے مختلف پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے اور اسلام اور جمہوریت کے فکری، عملی اور علمی تضادات کو اجاگر کرنے کی ایک کامیاب کوشش کی ہے۔

خلاصۃ تفسیر القرآن متعلقہ حقوق نسواں

از مولانا حمید الرحمٰن عباسی

کتابت و طباعت معیاری صفحات ۶۷

ناشر انجمن خدام الدین شیرانوالہ گیٹ، لاہور

قیمت درج نہیں۔

حضرت اقدس مولانا احمد علی لاہوری قدس اللہ سرہ العزیز کے خوشہ چینوں میں سے مولانا حمید الرحمٰن عباسی ایک بے نفس بزرگ ہیں جو ... پیرانہ سالی میں بھی انتہائی سادگی اور درویشی کے ساتھ قرآن کریم کی خدمت میں مصروف ہیں۔ مرشدی حضرت مولانا عبید اللہ انور رحمہ اللہ کے ساتھ ایک معاون کی حیثیت سے انہوں نے سالہا سال تک دورۂ تفسیر کے طلبہ کو حضرت امام لاہوریؒ کی طرز پر قرآن کریم کے